© rasailojaraid.com



# اخبار الجامعہ

یکم جولائی............تا............31دسمبر 2003ء

مرتب: محمد ایوب غلام

1-7-03 شیخوپورہ پنجاب سے جناب عنایت اللہ مہر صاحب کی سربراہی میں ۱۶ رکنی جماعت نے جامعہ دارالعلوم اور کئی اہم برانچ مدارس کا دورہ کیا۔

10-7-03 **جامعہ کے تین طلباء کی شاندار کامیابی:** قراقرم انٹرنیشنل یونیورسٹی شمالی علاقہ جات گلگت کے نہم آرٹس گروپ کے سالانہ امتحان میں جامعہ دارالعلوم کے طالب علم **حافظ زاھد حسین** اور **عبد اللہ عبد الرحیم** دونوں نے اول پوزیشن، جبکہ **فداء اللہ عبد الکریم** نے تیسری پوزیشن حاصل کی۔ **قراقرم یونیورسٹی** نے نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والوں کے اعزاز میں شاندار تقریب منعقد کی، جس میں جامعہ کے مسؤولین بھی مدعو تھے۔ یونیورسٹی نے ڈپٹی چیف ایگزیکٹو فدا محمد ناشاد کے ہاتھوں جامعہ دارالعلوم بلتستان اور اس کے ہونہار طلباء کو ''**امتیازی ایوارڈ**'' عطا کیا۔

14-7-03 I.G. پولیس شمالی علاقہ جات جناب احسن مختار اشرف صاحب تشریف لائے۔ جامعہ اور فارم توحید آباد کا دورہ کیا۔ علماء کرام اور مسئولین جامعہ سے تبادلہ خیالات کیا۔ ان کے ہمراہ S.P سکردو اور S.P گنگچھے بھی تھے، موصوف نے قراقرم یونیورسٹی میں اول پوزیشن حاصل کرنے پر ادارہ کو مبارک باد دی اور اول آنے والے طالب علم حافظ زاہد حسین کو انعام اور تعریفی سرٹیفیکیٹ بھی دیا۔

18-7-03 لاہور اور چھانگا مانگا (قصور) سے 12 رکنی ٹیم تشریف لائی جو کہ مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھتے تھے، انہوں نے جامعہ کے مختلف کاموں کا معاینہ کیا۔

31-7-03 فضیلۃ الشیخ حافظ عبد الرب مدرس المدرسۃ الخیریۃ مکۃ المکرمۃ نے جامعہ اور کئی فروعات کا معائنہ کیا، ان کے ہمراہ مولانا شریف حصاروی، مولانا حنیف اور قاری فیاض صاحبان بھی تھے۔

1-8-03 محترم جناب قوت جان صاحب ڈائریکٹر محکمہ زکاۃ وعشر شمالی علاقہ جات خصوصی دورے پر تشریف لائے۔

5-8-03 مکتب الدعوۃ اسلام آباد کے زیر اہتمام فارم توحید آباد میں پندرہ روزہ " الدورۃ الشرعیۃ فی

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



الثقافة الاسلامية " کا افتتاح ہوا، مشرف الدورۃ الشیخ ابراھیم خلیل الفضلی نے افتتاحی کلمات میں جمعیت اہل حدیث بلتستان کے ابتدائی حالات بیان کرتے ہوئے ماضی اور حال کا موازنہ کیا اور رب کریم کے احسانات پر روشنی ڈالی، نیز دورہ کی اہمیت وافادیت واضح فرمائی۔

فضیلۃ الشیخ عبد الرحمن حنیف رئیس الدورۃ نے علماء کرام کے منصب وذمہ داری پر مشتمل نصیحت فرمائی۔

5-8-03 واعظ خوش بیان مولانا محمد حسن اثری نائب مدیر جامعہ دار العلوم طویل علالت کے بعد شام ۶:۳۰ بجے اللہ کو پیارے ہوگئے۔(**انا للہ وانا الیہ راجعون**) مرحوم کی عمر 72 سال تھی۔

6-8-03 دس بجے صبح مولانا اثری رحمہ اللہ کی نماز جنازہ ادا کی گئی۔ جنازہ میں سکردو، کیریس، کورو، غواڑی، خپلو، براہ، بلغار اور ریگو وغیرہ سے عقیدت مندوں کی اتنی کثیر تعداد شریک ہوئی کہ بزرگوں کے بقول یہ ایک ریکارڈ ہے۔

14-8-03 فضیلۃ الشیخ عبد الرحمن عبد اللطیف المحمود نائب مدیر مکتب اسلام آباد تشریف لائے۔ آپ کے اعزاز میں جامع کلیۃ الحدیث منجر میں ایک شاندار جلسے کا اہتمام کیا گیا۔

16-8-03 الشیخ عبد الرحمن المحمود نے فیملی سمیت **کلیۃ الدراسات الاسلامیۃ للبنات** کا دورہ کیا۔ اس پرمسرت موقع پر ایک باوقار جلسے کا اہتمام کیا گیا۔ بعد نماز ظہر مہمان گرامی نے جامعہ کی کئی برانچوں کا معائنہ کرکے اطمینان کا اظہار فرمایا اور علمی معیار مزید بلند کرنے کے لئے قیمتی تجاویز دیں۔

18-8-03 پندرہ روزہ "الدورۃ الشرعیۃ فی الثقافۃ الاسلامیۃ" کی تقریب تقسیم انعامات واسانید کے سلسلے میں ایک شاندار اجلاس منعقد ہوا۔ جس میں اساتذہ، طلباء، زعماءِ جمعیت اور بہت سے مدعوین شریک ہوئے۔ جلسے کی صدارت مہمان گرامی الشیخ عبد الرحمن المحمود حفظہ اللہ نے کی، تلاوت کے بعد شرکائے دورہ کی نمائندگی کرتے ہوئے الشیخ ثناء اللہ غلام نے کلمات تشکر پیش کئے۔ بعد ازاں الشیخ عبد الرحمن حنیف صاحب نے خطاب فرمایا پھر مہمان گرامی نے قیمتی مشورے دل نشیں انداز میں پیش کیے۔ اور مشارکین، مدرسین، محاضرین اور منتظمین میں انعامات واسانید تقسیم فرمائے۔

1-9-03 **الاثر پبلک سکول غواڑی** کے لیے تعمیر شدہ عمارت کے افتتاح کی مناسبت سے ایک عظیم الشان جلسے کا اہتمام کیا گیا۔ جلسے کی صدارت الشیخ عبد الواحد عبد اللہ مدیر عام نے کی۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



مہمان خصوصی **الشیخ محمد ابراہیم خان** نائب مدیر جامعہ تھے۔ شرکاء میں اساتذۂ کرام، طلبائے جامعہ و پبلک سکول اور زعمائے غواڑی شامل تھے۔

10-9-03 جمعیت طلبائے جامعہ کے زیر اہتمام **مقابلہ نظم خوانی** منعقد ہوا۔ الشیخ عبدالباقی خان اور الشیخ محمد عباس اختر مہمان خصوصی تھے۔ جبکہ الشیخ عبدالرحیم روزی اور الشیخ محمود اسماعیل نے منصفی کے فرائض سرانجام دیے۔ معاذ عبدالکریم نے نعت پیش کی۔ امیر جمعیت طلباء اسداللہ بشیر نے اس ادبی مجلس کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔ سیف اللہ خالد اور حافظ عبدالحمید کے بعد الیاس جہانگیر نے بلتی میں اپنا تازہ کلام (نورو ناغونی) سنایا جسے سامعین نے بہت پسند کیا۔ پھر الشیخ محمد اسماعیل عبداللہ صاحب نے تقریر فرمائی۔ شریفی وہمو انے بلتی نظم (عقلی میک پو) جدید انداز میں سنایا۔ ثناء اللہ انصاری نے اپنا تازہ کلام "پندو نالہ" نمناک انداز میں ترنم کے ساتھ پیش کیا۔ مولانا اسماعیل خلیل صاحب نے فارسی بمع بلتی ترجمہ منظوم پیش کیا۔ پھر الشیخ محمد عباس اختر نے اس فن کی اہمیت اجاگر کی اور اپنا تازہ کلام: (چھا گئی ہے سلفیت دیکھتے ہی دیکھتے) سنایا۔ رضاء الحق مدنی نے اپنا کلام سنایا۔ حافظ زاہد حسین نے عالمی حالات پر اپنی بہترین نظم پیش کی۔ عبداللطیف عبدالرحمٰن نے بلتی میں بہت ہی نصیحت آموز نظم سنائی۔ محمد اسحاق حسن نے اپنا کلام پیش کیا۔ بعد ازاں عبدالستار وہمو انے نظم پیش کی۔ الشیخ محمد سلیم اسماعیل نے اپنا کلام سنایا۔ پھر بزرگ شاعر مولانا عبدالباقی خان نے جملہ طلباء کو نصیحت سے نوازا اور اپنا تازہ کلام بھی پیش کیا۔ شیخ الحدیث مولانا ثناء اللہ سالک صاحب نے تقریر فرمائی۔ آخر میں صدر محفل مولانا عبدالرشید صدیقی نے صدارتی کلمات ارشاد فرمائے اور شعراء کو نقد انعامات عنایت کیے۔ اس مقابلے میں **الیاس جہانگیر** اول، **عبد اللطیف** دوم اور **ثناء اللہ انصاری** سوم آئے۔ اول اور سوم آنے والی نظمیں اس شمارے میں شائع ہو چکی ہیں۔

15-9-03 ہمدرد یونیورسٹی کراچی سے طلباء کا ایک وفد مطالعاتی دورے پر آیا۔ جامعہ کے زرعی فارم اور لائبریری میں خاصی دلچسپی ظاہر کی۔

16-9-03 سیکرٹری زراعت شمالی علاقہ جات جناب حاجی ثناء اللہ صاحب نے جامعہ کا دورہ کیا۔ ان کے ہمراہ ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت ضلع گانچھے بھی تھے۔

23-9-03 **المملكة العربية السعودية** کے 73 ویں قومی دن کے موقع پر سفیر محترم کی دعوت پر

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



الشیخ عبد الواحد عبد اللہ ناظم اعلیٰ نے سفارت خانہ اسلام آباد کی تقریب میں شرکت کی۔

2-10-2003 المدرسة الرحمانية لتحفيظ القرآن الكريم ڈنگا کریس (فرع جامعہ) کی نئی تعمیر شدہ عمارت کے افتتاح کے موقع پر ایک باوقار تبلیغی جلسے کا اہتمام کیا گیا۔ یہ مدرسہ بیت الزکاۃ الکویت کے خرچ پر تعمیر کیا گیا ہے۔ اور یہاں سے کئی طلباء و طالبات حفظ مکمل کر چکی ہیں۔

5-10-2003 مجلس شوریٰ جمعیت اہل حدیث بلتستان کے سال رواں کا دوسرا اجلاس بمقام فارم تو حید آباد منعقد ہوا۔ جس میں الشیخ محمد حسن اثری رحمة الله عليه کے خالی کردہ منصب پر مولانا محمد ابراہیم خان کو نائب ناظم اعلیٰ منتخب کیا گیا۔ جبکہ نائب امیر مولانا ابراہیم محمد علی (خطیب جامع مسجد یگو) کو بنایا گیا۔

10-10-03 كلية الدراسات الاسلامية للبنات کی نئی عمارت کا سنگ بنیاد رکھا گیا۔

14-10-03 كلية الدراسات الاسلامية للبنات میں تقریب ختم بخاری شریف منعقد ہوئی۔ آخری حدیث پر الشیخ عبدالواحد عبداللہ مدیر الجامعہ نے درس دیا۔ جبکہ شیخ الحدیث ثناء اللہ سالک نے سیرۃ الامام البخاریؒ پر درس دیا۔ امسال فارغ ہونے والی طالبات کی تعداد 20 ہے۔

18-10-03 كلية الحديث الشريف والدراسات الاسلامية للبنين میں تقریب ختم صحیح البخاری کے مبارک موقع پر جامع الجامعة میں ایک پروقار جلسہ منعقد ہوا۔ بعد تلاوت و نظم عبدالوہاب خان نے ''حجیت حدیث'' پر مدلل تقریر کی۔ الشیخ عبدالرحیم روزی نے امام المحدثین محمد بن اسمٰعیل البخاری رحمۃ اللہ علیہ کی سیرت پر سیر حاصل روشنی ڈالی۔ بعد ازاں مہمان گرامی الشیخ محمد عباس اختر صاحب نے ''حفاظت حدیث'' سے متعلق دلچسپ معلومات پیش کیں۔ متخرجین کی جانب سے حمید اللہ محمد علی نے کلمات تشکر پیش کیے۔ بخاری شریف کی آخری حدیث پر الشیخ ثناء اللہ عبدالرحیم اور شیخ الحدیث ثناء اللہ سالک دونوں نے درس دیا۔ آخر میں صدر محفل الشیخ محمد ابراہیم خان نے خطبہ صدارت پیش کیا اور دعائے خیر کے ساتھ مجلس اختتام پذیر ہوئی۔ اس سال فارغ ہونے والے طلباء کی تعداد بھی 20 ہے۔

18-10-03 وفاق المدارس السلفية کے زیر اہتمام سالانہ امتحانات ہوئے۔ بحیثیت نگران مولانا حسن سعید صاحب اور حافظ عمران داؤد صاحب تشریف لائے۔

17-11-03 جامع الجامعة منجر میں ایک باوقار افطار پارٹی کا اہتمام کیا گیا، جس میں جمعیت اہل حدیث بلتستان کے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



معززین، علماء کرام اور نمائندے شریک ہوئے۔عصر سے مغرب تک دور حاضر کے تناظر میں جماعتی امور پر اظہار خیال اور گفت وشنید کا اہتمام کیا گیا۔

2-12-03 الاثر پبلک سکول غواڑی کی نئی عمارت میں پہلی بار سالانہ تقریب برائے نتائج امتحان وتقسیم انعامات منعقد ہوئی جس میں جامعہ کے طلباء واساتذہ کے علاوہ بہت سے والدین بھی شریک ہوئے۔

3-12-03 كلية الدرسات الاسلامية للبنات میں سالانہ امتحانات کے نتائج کا اعلان کیا گیا۔جید اساتذہ کرام نے نصائح فرمائے۔نتائج کا اجمالی خاکہ درج ذیل ہے: کلیۃ البنات میں آسیہ عبد الرشید ۴/کلیہ نے ۹۹ء۷۸ فیصد لے کر اول، مسعودہ محمد ایوب ۴/ک نے ۹۹ء۶۷ فیصد لے کر دوم، نعیمہ مرزا ۳/ک نے ۹۹ء۶۳ فیصد لے کر سوم اور کوثر عبد الحمید ۲/ک نے بھی ۹۹ء۶۳ فیصد لے کر سوم پوزیشن حاصل کی۔

| کل تعداد | شریک امتحان | غائبات | ممتاز | جید جدا | جید | مقبول | راسبات | شرح نتیجہ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 628 | 589 | 49 | 108 | 93 | 121 | 175 | 92 | 84,55 |

4-12-03 كلية الحديث الشريف میں اعلان نتائج کی مناسبت سے ایک اجتماع ہوا۔مسئولین کی تقاریر کے بعد نتائج کا اعلان کیا گیا۔کلیۃ الحدیث میں حافظ زاھد حسین ۳/ ثانویۃ نے ۹۹ء۶ لے کر اول اور حافظ سیف اللہ عبد الشکور ۱/ ث نے ۹۹ء۶ نمبر لے کر اول مکرر، ثناء اللہ باقر ۳/کلیہ نے ۹۹ء۵ نمبر حاصل کر کے دوم اور ابراھیم یوسف ۲/کلیہ نے ۹۸ء۹ نمبر لے کر سوم پوزیشن حاصل کی۔

| کل تعداد | شریک امتحان | غائب | ممتاز | جید جدا | جید | مقبول | راسب | شرح نتیجہ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 517 | 490 | 27 | 71 | 67 | 115 | 175 | 27 | 87.28 |

28-12-03 جناب محمد خان صاحب پرنسپل انٹر کالج چپلو کی سربراہی میں تدریسی سٹاف تشریف لایا۔اور جامعہ دار العلوم کے کلیۃ الدراسات الاسلامیۃ، کلیۃ الحدیث الشریف کا دورہ کیا۔اور انتظامیہ سے مختلف تعلیمی امور پر تبادلہ خیالات کیا۔

❁❁❁❁❁

© rasailojaraid.com